(۲)

نام کتاب : مولانا محمد حسن امروہوی

مصنف : محمد اورنگزیب اعوان

ضخامت : 108 صفحات' قیمت : 300 روپے

ناشر : کتاب محل' دربار مارکیٹ لاہور

تین امروہوی شخصیات ہیں' جن کے ناموں میں حد درجہ مشابہت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان تینوں کے حالات لکھنے میں بڑے بڑوں نے بڑی بڑی غلطیاں کھائی ہیں۔ ان تینوں کے نام یہ ہیں:

محمد احسن امروہوی　　احمد حسن امروہوی　　محمد حسن امروہوی

مصنف کے مطابق مولوی محمد احسن امروہوی تو قادیانی تھا جبکہ مولانا احمد حسن امروہوی دارالعلوم دیو بند کے اولین فضلاء میں سے تھے۔ چونکہ مولانا محمد حسن امروہوی کے حالات و خیالات قلم بند کرتے ہوئے کئی مشاہیر علماء نے ٹھوکر کھائی ہے اور ان کے بارے میں غلط باتیں لکھ دی ہیں' اس لیے مصنف نے مولانا محمد حسن امروہوی کو بار بار ہندوستان کا ایک مظلوم عالم دین کہا ہے۔

مولانا محمد حسن امرہوی کئی کتابوں کے مصنف تھے' جن میں دو جلدوں پر مشتمل تفسیر ''غایۃ البرہان'' ہے۔ مولانا تحقیقی مزاج رکھتے تھے۔ جدید اور قدیم عہد ناموں کا انہوں نے بالاستیعاب مطالعہ کیا تھا۔ تفسیر میں ان کے بعض تفردات صحیح ہیں اور بعض گمراہ کن۔ کہیں کہیں انہوں نے موجودہ بائبل کے مضامین کی بے جا وکالت اور تائید کی ہے اور راہِ حق سے دور ہو گئے ہیں' حالانکہ وہ خود مانتے ہیں کہ بائبل میں تحریف کی گئی ہے۔

کتاب کی کمپوزنگ معیاری اور گٹ اپ خوبصورت ہے۔

(۳)

نام کتاب : سفرنامہ دہلی

مصنف : مولانا شفیق احمد سلیم ملکانوی

ضخامت : ۱۳۴ صفحات

ملنے کا پتا : ☆القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد ضلع نوشہرہ' خیبر پختونخوا

شہر دلی سینکڑوں سال تک برصغیر کے مسلمان بادشاہوں کا پایۂ تخت رہا ہے۔ آج بھی یہ اسلامی تہذیب کا امین ہے' لیکن افسوس کہ ہندوؤں نے قدر ناشناسی کا ثبوت دیتے ہوئے اسلامی تہذیب کے شاہکاروں کے ساتھ ناروا سلوک اختیار کر رکھا ہے۔